بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

حرفِ اوّل

نبی اکرم ﷺ کی ولادت باسعادت کا مہینہ ہونے کی نسبت سے ماہ ربیع الاول میں ہمارے ہاں خصوصی طور پر سیرت النبی ﷺ کی محافل برپا ہوتی ہیں جن میں آنحضور ﷺ کی سیرتِ مطہرہ کے مختلف گوشوں کا تذکرہ کر کے ان سے روشنی و رہنمائی حاصل کرنے کا سامان فراہم کیا جاتا ہے۔ مرحوم صدر ضیاء الحق کے دور حکومت میں اس کام کو سرکاری سرپرستی بھی حاصل رہی۔ چنانچہ ان کے دور میں ماہِ ربیع الاول کے دوران قومی سیرت کانفرنسوں کا انعقاد بھی ہوتا اور ریڈیو اور ٹیلی ویژن پر اس ضمن میں خصوصی پروگرام بھی نشر ہوتے۔

اسی سلسلہ میں پندرھویں صدی ہجری کے پہلے ربیع الاول میں پاکستان ٹیلی ویژن نے قومی نشریاتی رابطے پر یکم تا ۱۲/ ربیع الاول ۱۴۰۱ھ "رسولِ کامل ﷺ" کے عنوان سے ایک بارہ روزہ پروگرام پیش کیا، جس میں محترم ڈاکٹر اسرار احمد حفظہ اللہ تعالیٰ نے نبوت و رسالت کی اصل غرض و غایت، ختم نبوت کے لوازم، رسول اکرم ﷺ کی سیرت طیبہ کے مختلف گوشوں اور خصوصیت کے ساتھ آپؐ کی حیاتِ مبارکہ کے انقلابی پہلو اور خلافت علیٰ منہاج النبوۃ جیسے موضوعات پر گفتگو کی اور محدود وقت کے اندر پندرہ پندرہ منٹ کی بارہ تقاریر میں ان موضوعات کو اختصار لیکن جامعیت کے ساتھ بیان فرمایا۔

حکمت قرآن کی زیر نظر اشاعت سے یہ سلسلۂ تقاریر قارئین کے استفادہ کے لئے حکمت قرآن کے صفحات کی زینت بنایا جا رہا ہے۔ ہمارے نزدیک نبی اکرم ﷺ اور آپؐ کی سیرتِ مطہرہ کا تذکرہ ماہ ربیع الاول تک محدود نہیں رہنا چاہئے بلکہ یہ رشد و ہدایت کا ایک مستقل سرچشمہ ہے۔ لہٰذا قارئین ان شاء اللہ العزیز اس سلسلۂ تقاریر سے سال بھر مستفید ہو سکیں گے۔ OO